CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

३० ६५

साबुन साज़ी



Price Rs 0-3-0

شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

(جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں)

اصلی مکمل

صابون سازی

جسکو

شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

نے

اپنے علمی پرنٹنگ پریس لاہور میں باہتمام ایم فیروز الدین پرنٹر

چھاپا

نیز غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور نے اپنے علمی پریس پرنٹنگ پریس میں باہتمام میاں فیروز الدین پرنٹر چھپوا کر بار اول کشمیری لاہور سے شائع کیا

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

صابن سازی

ناظرین۔ صابن سازی ایک اعلیٰ درجہ کا ہنر ہے۔ جس کی فی زمانہ اشد ضرورت ہے۔ آج کل اپنے عزیز وطن سے غلامی اور جہالت کی لعنت کو دور کرنے اہل ملک کو ہمہ تن کوشش کرنی چاہیئے اور اس لعنت کو دور کرنے کے لئے ملک میں صنعت و حرفت کو رواج دینے کی ضرورت ہے۔ اور ساتھ ہی اس صنعت و حرفت سے اشد ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل ملک کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ قطعی اور یقینی طور پر اپنے ملک کی ساختہ چیز کو خریدیں اور غیر ملک کی بنی ہوئی چیز سے حتے الامکان پورے طور پر پرہیز کریں۔ خواہ اپنی ملکی چیز مشکل و شباہت، رنگ و ڈھنگ اور نفاست میں غیر ملکی چیزوں سے کتنی ہی بدتر کیوں نہ ہوگی یہ یقین مان لیں کہ غیر ملکی چیز کی نسبت فوائد کے لحاظ سے بدرجہا بہتر ہوگی اور علاوہ ازیں لاکھوں کروڑوں روپیہ ہر سال جو غیر ملکی لوگوں کی جیب میں جا رہا ہے وہ اپنے ہی ملک میں رہے گا۔ جس سے اہل ملک دولت مند ہو کر آئندہ زیادہ حوصلے زیادہ بلند ہمتی اور زیادہ صفائی سے کام کر کے غیر ملکی اشیا کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اسی طرح سے آپ ملک کی ایک خدمت انجام دیں گے۔ جس کا ثواب دنیا میں خود اپنی خوشحالی اور درگاہ الٰہی میں ملک کو غلامی کی لعنت سے دینے کا ثواب آپ کے نامہ اعمال میں ہوگا۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

خدا کا شکر ہے۔ کہ ملک میں اب کسی قدر ملکی اشیاء کی قدر اور مانگ ہونے لگی ہے۔ اور گو ابھی ایک ہزار میں ایک ہی آدمی ایسا ہے۔ جو دوکاندار سے جاکر اپنے ملک کی بنی ہوئی چیز طلب کرتا اور خریدتا ہے موجودہ حالت میں یہ بھی غنیمت ہے اور اس سے امید ہوتی ہے۔ کہ وہ دن دور نہیں جب ملک کے ہر گوشے ملکی مصنوعات کی قدر ہونے لگے گی۔

یہ کتاب جو ناظرین کے ہاتھوں میں ہے۔ اسی تحریک کا نتیجہ ہے امید ہے کہ بہت سے بیکار ناظرین اس کتاب کے نسخوں کو زیر عمل لاکر بیکاری اور غلامی کی لعنت سے نجات پائیں گے۔ اور ملک کی دولت میں اضافہ کرنے کا موجب ہوں گے۔

اپنی طرف سے حتی الامکان نسخہ جات کی چھان بین کی گئی ہے۔ لیکن سہو وخطا کا پتلا ہے۔ اس لئے اگر کسی بھائی کو کوئی غلطی اس میں نظر آئے تو مہربانی فرماکر اس سے مطلع کریں۔ بصد شکریہ اس کی اصلاح قبول کیجائیگی

(مؤلفہ)

صابن کی ضرورت!

صابن کی تیاری کے لئے سجی۔ چونہ۔ تیل۔ چربی۔ میدہ۔ بیسن۔ سوڈا کاسٹک۔ پانی۔ سوڈا بائی کارب۔ کاربونیٹ آف سوڈا۔ پوٹاس مختلف قسم کے رنگ۔ خوشبویات درکار ہیں۔ اس کے علاوہ ضرورت

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کے موافق کڑاہیاں گھونٹنے کے لئے لکڑی کا دستہ۔ سانچے ٹکیہ بنانے کی ڈائی۔ کاٹنے کے لئے تار۔ بھٹی۔ حوض۔ ٹین۔ اونٹ مٹی کے برتن اور صابن سکھانے کے لئے لکڑی کی جالی دار دیوار یا الماری وغیرہ وغیرہ مطلوب ہوتی ہیں۔

فالتو پانی الگ کرنے کی ترکیب

اگر خدانخواستہ صابن کا قوام درست نہ ہو۔ اور معلوم ہو کہ پانی مقدار سے زیادہ ہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ ضرورت کے اندازہ سے باریک نمک پیس کر قوام میں ملا دیں۔ جس کی وجہ سے صابن اوپر ہو جائیگا اور پانی الگ نیچے بیٹھ جائے گا۔ بعد ازاں اوپر اوپر سے صابن کو اتار کر سانچوں میں بھر دیں۔

رنگ برنگ کا صابن بنانے کی ترکیب

جب صابن سانچوں میں بھرا جانے لگے تو نہایت ہوشیاری اور جلدی سے کام لے کر اول تھوڑا سا صابن سانچے میں ڈالیں اور ایک رنگ چھڑک دیں۔ بعد ازاں اور صابن بھر کر دوسرا رنگ چھڑک دیں بعد ازاں اور صابن بھر کر کوئی اور رنگ چھڑک دیں۔ علی ہذا القیاس جس قدر رنگ چاہو ایک ہی صابن میں ملا کر الگ الگ دار صابن بنا سکتے ہیں۔ لیکن یہ کام پھرتی اور چالاکی کا ہے۔ ہر رنگ جدا جدا طور پر الکول میں حل کر کے پاس رکھا رہنا چاہیئے۔ صابن میں جب بھی کوئی رنگ ڈالا جائے تو الکول یا برانڈی شراب میں حل کر کے ڈالنا چاہیئے

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ورنہ صابن کا رنگ پھیکا پڑ جائے گا۔ اور سارے صابن کے قوام میں بھی رنگ جذب نہ ہو سکے گا۔ یاد رہے کہ صابن میں ہمیشہ ہلکا رنگ دینا چاہیئے۔ شوخ رنگ صابن میں کچھ اچھا نظر نہیں آتا۔ بلکہ لوگ شوخ رنگ کو عام طور پر ناپسند کرتے ہیں۔

صابن سازی دو طریق پر ہوتی ہے۔ ایک گرم اور دوسری سرد۔ چنانچہ کتاب ہذا میں دونوں طرح کے صابن بنانے کے نسخے اور ترکیب بھی لکھی گئی ہیں۔ ناظرین خوب سوچ سمجھ کر اور مستعدی سے کام کریں اور خاطر خواہ نفع اٹھا کر ملک کی خوشحالی اور آسودگی کا موجب بنیں۔

چربی صاف کرنے کی ترکیب

اول تو صابن میں چربی ملانے کی ضرورت نہیں کیونکہ خدا کے فضل سے ہمارے ملک میں تیل بکثرت مل سکتا ہے یورپ کے لوگ محض اس لئے چربی ڈالتے ہیں کہ تیل ان کو بہت ہی گراں پڑتا ہے۔ کیونکہ ان کے ملک میں تیل کی پیداوار بہت ہی کم ہوتی ہے۔ اگر خدانخواستہ صابن میں چربی ملانے کی ضرورت پیش آئے تو اول جس قدر چربی ہو اس سے نصف پانی لے کر چربی میں ڈال دو اور آگ پر گرم کرو اور خوب جوش دو۔ بعد ازاں اس میں اگر ۲ پونڈ چربی ہو تو ۵ اونس نمک اور نصف اونس پھٹکری ڈال کر جوش دے کر اتار لیں۔ سرد ہونے پر چربی الگ کر لیں۔ اسی طرح سے چربی کی بدبو اور میل دور ہو جائیگی۔ چربی ڈالنے سے صابن سستا پڑتا ہے اور جلدی خشک ہو کر سخت ہو جاتا ہے۔ چربی والا صابن پانی بھی زیادہ جذب کرتا ہے اس لئے

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دوکاندار کو بمقابلہ تیل کے چربی کا صابن زیادہ سستا پڑتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ تیل کی مقدار سے نصف چربی صابن میں ڈالی جاسکتی ہے۔ مثلاً اگر کسی نسخہ میں چار سیر تیل ہے تو دو سیر تیل اور دو سیر تیل چربی ڈالی جاسکتی ہے۔ چربی سے صابن زیادہ سخت اور زیادہ سفید رنگ کا ہو جاتا ہے۔

اگر خالص چربی ہی کا صابن بنانا مطلوب ہو تو سوڈا کاسٹک کے وزن سے سہ گنا چربی ہونی چاہیئے۔ اور پانی حسب معمول چار گنا۔ باقی ترکیب وہی ہے جو نسخہ جات میں بیان کی گئی ہے۔

تیل صاف کرنے کی ترکیب

تیل سرسوں کسی ٹین کے برتن میں پندرہ دن تک تیزاب ڈال کر بند کر رکھو۔ تیل کا رنگ سبزی مائل ہو جائے پھر پھٹکری پیس کر تھوڑی تھوڑی کر کے ملاؤ۔ اور ہلاتے جاؤ۔ اور پھر اور ایک ہفتہ یہی تیل کو پڑا رہنے دو۔ بعد ازاں دوسرے برتن میں تیل نتھار کر الگ کر لیں۔ صاف ہو جائے گا

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

صابن سازی

دیسی صابن

(۱) بغیر آگ کے صابن بنانا

نسخہ - سوڈا کاسٹک ایک سیر تیل پتھا چار سیر میدہ دلی والا ایک سیر پانی چار سیر

ترکیب - اول صابن بنانے سے چار گھنٹہ پیشتر ایک سیر کاسٹک سوڈا کسی تانبے کھلے برتن میں ڈال کر اوپر سے چار سیر پانی ڈال کر ڈھانک رکھیں تاکہ مکھیاں وغیرہ اس میں نہ پڑیں - یہ کام کرنے کے بعد اپنے دوسرے دینی یا دنیاوی مشاغل میں مصروف رہیں دو تین گھنٹوں میں سوڈا کاسٹک پانی میں حل ہو جائے گا - جس وقت آپ صابن بنانا چاہیں - اس وقت چار سیر تیل پتھے میں ایک سیر میدہ دلی والی خوب اچھی طرح حل کر کے اور ایک جان کر کے سوڈا کاسٹک والے پانی میں ڈال دو - اور کسنی لوہے یا لکڑی کی سخت چیز سے دس پندرہ منٹ تک خوب زور سے ہلاتے رہو - چند منٹوں کے بعد صابن کا قوام سخت ہونے لگے گا - اس وقت حسب منشا سانچوں میں ڈال کر

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

رکھ دو۔ یا اسی برتن میں پڑا رہنے دو۔ چند گھنٹوں کے بعد جب قوام سرد ہو کر سخت ہو جائے۔ تو حسب منشا ٹکیاں کاٹ لو۔ اور استعمال میں لاؤ۔

نوٹ۔ یاد رہے کہ سوڈا کاسٹک کو ہاتھ نہ لگایا جائے۔ کیونکہ جہاں یہ جسم پر لگے گا۔ آبلہ ڈال دیگا۔

مندرجہ بالا نسخہ بالکل خالص اور اعلیٰ قسم کا دیسی صابن بنانے کا ہے۔ اور یہ کسی قدر مہنگا ہے کہ گراں بھی پڑے۔ اس لئے اسی ترکیب سے سستی قسم کا اچھا صابن بھی بنایا جا سکتا ہے۔ اور وہ یوں کہ میٹھے تیل کی بجائے۔ کوٹا تیل ڈال دو۔ یا تیل میں کچھ چربی صاف کر کے ملا دو۔ کوڑا تیل ڈالنے سے صرف یہ ہوگا۔ کہ صابن کا رنگ بجائے سفید ہونے کے ذرا زردی مائل ہو جائے گا۔ یا میدہ کچھ زیادہ کر دو۔ اور پانی بھی مگر زیادہ ڈال دو۔ مگر صابن ذرا زیادہ دیر میں بنے گا۔ یہ صابن معمولی جھاگ دیتا ہے۔ اگر زیادہ جھاگ درکار ہو۔ اگر زیادہ جھاگ درکار ہوں تو جس وقت سوڈا کاسٹک کے پانی میں تیل اور میدے کو حل کیا ہوا ہو ملا دو۔ اس وقت دو تین تولے باریک سفوف ریٹھہ ملا دو۔ خوب جھاگ دے گا۔

(۲) دوسری ترکیب

ایک سیر ان بجھ چونا۔ آٹھ سیر پانی میں اور بھی عمدہ دو سیر کو چار سیر پانی میں علیحدہ علیحدہ بھگو کر رکھ دو۔ تین دن تک یہ چیزیں پانی میں بھیگی رہیں۔ اور دن میں مرتبہ کسی لکڑی سے اچھی طرح ہلاتے

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

رہیں۔ تین دن کے بعد چونے اور سجی کے پانی کو علیحدہ علیحدہ نتھار کر رکھ لو۔ اس کے بعد ایک سیر عمدہ چربی لے کر کسی آہنی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پگھلاؤ۔ چربی پگھل جانے پر دو سیر تیل ملا دو اس کے بعد حل شدہ چربی اور تیل میں چونے اور سجی کا پانی تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جاؤ۔ اور خوب ہلاتے جاؤ۔ دونو پانی ختم ہو چکنے کے بعد چند منٹوں تک خوب زور سے ہلاتے رہو۔ یہاں تک کہ قوام پک جائے۔ اس کے بعد حسب منشا سانچوں میں ڈال لو یا قوام کو کسی چوکور بکس میں ڈال کر سرد کر لو۔ اور پھر حسب پسند ٹکیاں بنا لو۔

تیسری ترکیب (۳)

چونہ ایک سیر۔ سجی ایک سیر۔ پانی پندرہ سیر کسی ایسے برتن میں جس کے نیچے پہلو پر ایسی ٹونٹی لگی ہو۔ جو کھولی اور بند کی جا سکتی ہو۔ ڈالکر ٹونٹی کو بند کر دیا جائے اور دو تین دن بھیگا رہنے دیا جائے۔ دن میں دو تین مرتبہ خوب اچھی طرح سے ہلا دیا جائے۔ تیسرے دن جب پانی نتھر جائے تو ٹونٹی کھول کر پانی الگ کر لیا جائے۔ اور ٹونٹی بند کر کے پھر اور پانی ڈال کر دو تین خوب ہلا ہلا کر نتھار لو۔ اس پانی کو پہلے پانی سے الگ رکھو۔ اور پھر تیسری مرتبہ اور پانی ڈال کر دو تین دن خوب ہلاتے رہو اور چوتھے دن نتھار کر اس پانی کو بھی الگ کر لو۔ مگر یاد رہے کہ تینوں دفعہ کا نتھرا ہوا پانی الگ الگ رہے

جب تینوں پانی نتھار لو۔ تو پہلے پانی کو تول کر کسی بڑی کڑاہی میں ڈالتے کراو پر سے اس پانی سے دس گنا تیل لے کر تھوڑا تھوڑا

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

پانی میں ڈالتے جاؤ اور کسی لکڑی سے خوب ہلاتے رہو۔ تیل ڈال چکنے کے بعد تھوڑا تھوڑا کر کے دوسرا پانی اور تیسرا پانی بھی ڈالدو اور خوب ہلاؤ۔ پانی کے ختم ہونے پر صابون تیار ہو جائے گا۔ پھر حسب خواہش سانچوں میں بھر کر یا کسی صندوق یا بکس میں ڈال کر سرد کر لو۔ اور بعد ازاں ٹکیاں کاٹ لو۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا صابن بغیر چربی کے تیار ہو جائے گا۔

نوٹ:- اس قسم کا صابن کارخانہ داروں کے لئے بہت مفید ہے۔ ان کو چاہیئے کہ وہ بجی اور چونے کا پانی نتھارنے کے لئے دو پختہ حوض تیار کرالیں۔ جن میں سے ایک حوض اونچا ہو۔ اور دوسرا نیچا۔ تانکہ نالی کے ذریعے سے اونچے حوض کا نتھرا ہوا پانی نیچے حوض میں آسانی کے ساتھ آسکے۔

سستا صابن بنانے کا طریقہ

تیل ۲۰ سیر۔ میدہ ۲½ سیر۔ پانی ½ سیر۔ سوڈا ۵ سیر

ترکیب:- تیل اور میدہ کو باہم حل کرو۔ پھر پانی اور سوڈا حل کر کے دونوں کو باہم ملادو۔ اور خوب گھوٹو چند گھنٹوں کے بعد صابن بغیر آگ کے بالکل تیار ہو جائے گا۔ حسب خواہش سانچوں میں بھر کر ٹکیاں بنالو۔ اور بازار میں فروخت کرو۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دوسری ترکیب

تیل ۲½ سیر۔ میدہ ایک پاؤ کو باہم ملا کر خوب حل کرو۔ بعد ازاں سوڈا کاسٹک ۲½ آدھ سیر کو سوا سیر پانی میں حل کر کے ان سب کو باہم ملا کر خوب گھوٹو۔ تاکہ سب چیزیں یکجان ہو کر قوام بن جائے بعد ازاں دو گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ پھر حسب خواہش سانچے میں بھر کر حسب خواہش ٹکیاں بنالیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا سستا صابن بغیر آگ کے بنجائے گا۔

ترکیب دیگر

کاسٹک پوٹاس ۳ پونڈ۔ چربی دو پونڈ۔ رال نصف پونڈ۔ گرم پانی بقدر ضرورت۔

ترکیب:۔ رال اور پوٹاس کو باریک کر کے باہم ملاؤ۔ پھر پگھلا کر سب کو آمیز کرو۔ اور تقریباً ایک ہفتہ تک پڑا رہنے دیں بعد ازاں ان میں گرم پانی بقدر ضرورت ڈال کر خوب ہلاؤ۔ یہاں تک کہ یک جان ہو کر چاروں چیزیں مل جائیں پھر تقریباً بارہ دن تک پڑا رہنے دیں۔ البتہ ہر روز دو تین مرتبہ خوب ہلا دیا کریں نہایت اعلیٰ درجہ کا صابن تیار ہو جائیگا۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ترکیب دیگر

سجی ۱ سیر۔ ان بجھ چونہ ایک سیر۔ تل کا تیل دس سیر۔ چربی پانچ سیر
ترکیب۔ اول چونے کو ایک من پانی میں حل کریں۔ اور سجی کو
علیحدہ بیس سیر پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ اور روزانہ تین چار مرتبہ
ہلا دیا کریں۔ تین چار دن کے بعد دونو پانیوں کو مقطر کر کے علیحدہ علیحدہ
رکھ لو۔ اور چربی کو پگھلا کر تیل میں ملا کر دونو پانی آہستہ آہستہ ملاتے جائیں
اور ہلاتے جائیں۔ جب سخت ہو جائے تو سرد کر کے سانچوں میں بھر دیں

دیگر

کاسٹک سوڈا آدھ سیر۔ میدہ آدھ سیر۔ سوڈا سجی آدھ سیر
پانی ڈھائی سیر۔ نشاستہ ایک پاؤ۔ سنگ جراح بقدر ضرورت
ترکیب:۔ اول پانی اور سوڈا حل کرو۔ پھر میدے اور تیل کو
حل کرو۔ پھر سوڈا سجی کو سوڈا کاسٹک اور پانی میں ملا کر سب کو
آہستہ آہستہ ملاؤ اور خوب حل کرو۔ اور بعد ازاں سنگ جراح باریک
کر کے ملا لو۔ نہایت اعلیٰ صابن تیار ہو گا۔

ترکیب دیگر

چار سیر گرم پانی میں ایک سیر سوڈا ڈال کر حل کرو۔ بعد ازاں

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ایک سیر میدہ اور دو تولہ سنگ جراح کو دو سیر تیل میں حل کرو۔ جب سوڈا کا پانی ٹھنڈا ہو جائے۔ حل شدہ تیل اور میدے کو تھوڑا تھوڑا کر کے ملاتے جاؤ۔ اور خوب ہلاؤ۔ جب اچھی طرح سے حل ہو جائے تو دو چار گھنٹے تک بدستور پڑا رہنے دو۔ بعد ازاں حسب مرضی ٹکیاں کاٹ لو۔ اعلیٰ قسم کا صابن تیار ہو جائے گا۔

امرتسری صابن

دو سیر چربی پگھلا کر دو سیر تیل میں ملاؤ۔ پھر ایک سیر سوڈا کاسٹک کو چھ سیر پانی میں حل کر کے سب کو اکٹھا کر کے آٹھ پہر تک پڑا رہنے دو۔ بعد ازاں نرم آنچ پر دو گھنٹے تک پکائیں۔ صابن تیار ہو جائے گا۔ حسب خواہش ٹکیاں بنالیں۔ اگر صابن میں کوئی نقص رہ جائے۔ یعنی قوام تیار نہ ہو تو نمک باریک کر کے فی من دو سیر کے حساب سے ملا دیں فوراً قوام تیار ہو جائیگا۔

دیگر

ترکیب { سجی ۱۰ سیر۔ تیل ۱۰ سیر۔ ان بجھ چونہ ۵ سیر۔ چربی ایک سیر
اول چونہ اور سجی کو علیحدہ علیحدہ ایک من اور بیس سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ چار یا پانچ مرتبہ روزانہ ہلاتے رہیں چار دن کے بعد ان کو مقطر کر لیں۔ پھر چربی کو پگھلا کر تیل میں حل۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کرلیں۔ اور تھوڑا تھوڑا کر کے مقطر پانی ڈالتے جائیں۔ اور ہلاتے رہیں۔ جب سخت ہو جائے۔ تو اتار کر ٹھنڈا کریں اور حسب منشا ٹکیاں کاٹ کر فروخت کریں۔

ترکیب دیگر

ایک سیر چونہ ان بجھ اور دو سیر سجی لے کر پندرہ سیر پانی میں بھگو لیں۔ اور ہر روز تین چار مرتبہ ہلاتے رہیں۔ چوتھے دن سجی کا مقطر پانی نکال کر علیحدہ رکھیں اور باقی ماندہ تیل میں پندرہ سیر اور پانی ملا کر دو تین دن تک پڑا رہنے دیں۔ اور پہلے کی طرح چوتھے دن اس کا بھی مقطر پانی لے کر پہلے مقطر پانی سے الگ رکھیں۔ اور باقی ماندہ تیل میں پھر پندرہ سیر پانی ملا کر حسب سابق مقطر پانی حاصل کر کے علیحدہ رکھا دیں۔

مقطر پانی حاصل کر چکنے کے بعد ازاں مناسب مقدار میں تیل لے کر چولھے پر رکھیں۔ اور سب سے بعد کا مقطر پانی تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جاؤ۔ جب سارا پانی جل جائے تو پھر اس سے پہلا مقطر کیا ہوا پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر جلاؤ۔ جب یہ بھی جل ہو جائے تو پھر سب سے پہلے کا مقطر پانی ڈال کر جلاؤ۔ جب یہ بھی جل جائے تو سمجھو کہ صابن بالکل تیار ہے۔ مرضی کے موافق سانچوں میں بھر کر رکھو۔

ایک اور ترکیب

ایک بڑے برتن کے پیندے میں سوراخ کر کے اس میں کپڑا یا

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لکڑی ٹھونس دو۔ اور برتن کے اندر ایک سیر پانی رکھ کر اوپر کوئی موٹا کپڑا یا ٹاٹ بچھا کر سجی اور چونہ کوٹ کر رکھ دو۔ اور پھر برتن کو پانی سے بھر دو۔ اور ہر روز دو تین مرتبہ ہلاتے رہو۔ تین دن بعد مقطر پانی برتن کے نیچے چلا جائے گا۔ سوراخ کھول کر مقطر پانی کو الگ کر لو۔ اور برتن میں اسی قدر اور پانی ڈال دو۔ اور پہلی طرح تین دن کے بعد اس کا مقطر بھی الگ حاصل کرو۔ اسی طرح تیسرا مقطر پانی حاصل کر کے سب پانیوں کو الگ الگ رکھو۔ بعد ازاں تیل اور چربی گلا کر حسب ترکیب مندرجہ بالا صابن تیار کر لو۔

دیگر

تیل ساڑھے چار سیر۔ میدہ ایک سیر۔ سوڈا باقی کارب آدھ سیر پانی تین سیر۔ سوڈا کاسٹک ۷۰ ڈگری ایک سیر۔

ترکیب۔ پانی اور کاسٹک سوڈا کو تین دن تک کسی برتن میں ڈال کر حل ہونے دیں۔ پھر ایک علیحدہ برتن میں تیل ڈال کر میدہ اور سوڈا باقی کارب ملا لیں۔ اور خوب حل کریں۔ بعد ازاں پانی اور کاسٹک جو حل ہو چکا ہو تیار رکھا ہو تھوڑا تھوڑا کر کے ملائیں اور خوب گھوٹیں۔ یہاں تک کہ گاڑھا ہو کر جم جائے۔ پھر سانچوں میں ڈال کر حسب منشا ٹکیاں بنا کر فروخت کریں۔

نوٹ۔ یہ صابن بالکل خالص۔ اعلیٰ اور سفید بنیگا مگر ذرا مہنگا پڑتا ہے

CC-0, In Public Domain. Digitization by eGangotri

ترکیب دیگر

ایک سیر سوڈا کاسٹک کو تین سیر پانی میں حل کریں۔ اور پانچ سیر تیل کو گرم کر کے تین سیر سفید پتھر باریک پیس کر میدے کی طرح حل کر دیں۔ اور بعد ازاں پانی والا کاسٹک حل کر کے حسب دستور صابن تیار کر لیں۔ مگر یہ صابن ناقص ہوگا۔ اور بہت سستا بنے گا۔ تقریباً چھ سیر فی روپے کے حساب سے فروخت کیا جا سکتا ہے۔

ترکیب دیگر

ان بجھ چونہ دس سیر۔ سجی دس سیر۔ روغن ۱۰ سیر۔ چربی ۵ سیر

ترکیب: حسب دستور سابق سجی اور چونے کا مقطر پانی تین دفعہ حاصل کرو۔ بعد ازاں چربی اور تیل کو ملا کر مقطر پانی آہستہ آہستہ ہلاتے جاؤ اور ہلاتے جاؤ۔ جب سخت ہو جائے تو سانچوں میں بھر کر صابن تیار کر لو۔

ترکیب دیگر

آدھ پاؤ میدہ۔ اور آدھ پاؤ تیل کو باہم ملا کر پھر آدھ پاؤ کاسٹک اور تین پاؤ پانی کو حل کرو۔ بعد ازاں آدھ پاؤ سنگ جراحت پھر تیل اور میدے میں حل کرو۔ اور آدھ پاؤ سجی کاسٹک کے پانی میں حل کرو۔ پھر سب کو ملا کر آہستہ آہستہ ہلاتے رہو۔ یک جان ہو جانے پر سانچوں میں

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

میں بھر کر رکھ لو۔ نہایت عمدہ قسم کا صابن تیار ہو گا۔ مگر صابن کا رنگ عمدہ اور اچھا نہیں رہے گا۔ البتہ صابن اعلیٰ اور خالص ہو گا اور گراں پڑے گا۔

انگریزی صابن

سب سے بہتر اور اعلیٰ نسخہ صابن کا خواہ وہ انگریزی ہو یا دیسی ایک ہی ہے۔ صرف تیل کا فرق ہوتا ہے۔ دیسی صابن میں تلوں کا تیل یا سرسوں کا تیل ڈالا جاتا ہے۔ بعض دکاندار تیل گراں ہونے کی وجہ سے چربی ڈالتے ہیں۔ انگریزی صابن میں سرسوں یا تلوں کے تیل کی بجائے ناریل کا تیل پڑتا ہے۔ سستا اور زیادہ نفع حاصل کرنے کی غرض سے اس میں بھی چربی کی ملاوٹ کرتے ہیں۔ لیکن چربی ڈالنے سے صابن کی وہ خوبی نہیں رہتی۔ جو رہنی چاہیئے۔ خوشبو اور رنگ ڈالنے کے طریقے الگ ہیں جیسی خوشبو ڈالی جائے گی اسی نام سے صابن موسوم ہو گا۔

ترکیب خالص اور عمدہ انگریزی صابن کی

سوڈا کاسٹک ایک سیر۔ پانی چار سیر۔ دونوں کو حل کرو۔ بعد ازاں ایک پاؤ سیر میدہ اور چار سیر ناریل کا تیل لے کر دونوں کو خوب حل کرو۔ پھر سوڈا کاسٹک کا پانی تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جاؤ اور ہلاتے رہو۔ اگر جھاگ زیادہ مطلوب ہو تو وہ تولہ سفوف ریٹھہ ملا دو۔ دو چار گھنٹوں میں بغیر آگ کے اعلیٰ درجہ کا صابن

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تیار ہو جائے گا۔ حسب منشا سانچوں میں بھر کر ٹکیاں بنا لو۔ اگر رنگ دار اور خوشبو دار بنانا مطلوب ہو تو جس وقت ناریل کے تیل اور میدے میں کاستک کا پانی ملا دیا جائے۔ اسی وقت حسب ضرورت اور حسب منشا رنگ اور خوشبو ڈال دیں۔

روز سوپ۔ یعنی گلاب کا صابن

چربی کا بنا ہوا تازہ صابن اور روغن زیتون بوزن برابر لیکر صابن کے باریک ٹکڑے کر کے روغن زیتون میں ملا کر آگ پر گرم کرو۔ تاکہ صابن کے ٹکڑے پگھل کر تیل کے ساتھ یک جان ہو جائیں جب گاڑھی لئی سی ہو جائے۔ تو رنگ کرنے کے لئے کسی قدر شنگرف میں ڈال دو۔ اور خوشبو کے لئے ست گلاب ۴ حصہ۔ ست سنگترہ تین حصہ۔ روح لونگ ایک حصہ۔ روح خس ایک حصہ باہم ملا کر ڈال دو۔ اور گھوٹو۔ بعد ازاں حسب منشا سانچوں میں بھر کر رکھ دو۔

دار چینی کا صابن

کھجور کے تیل کا صابن ایک حصہ۔ چربی کا صابن ڈیڑھ حصہ دونو قسم کے صابن لے کر باریک باریک ٹکڑے کر کے کسی قدر پانی ملا کر آگ پر رکھو۔ جب دونوں حل ہو کر یک جان ہو جائیں تب حسب ضرورت رنگ کرنے کے لئے زرد ار کر ملا دیں۔ اور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

خوشبو کے لئے ست دار چینی ½ ۳ حصہ۔ ست سنگترہ ½ ۱ حصہ۔ ست زعفران ½ حصہ ملا دیں اور سانچوں میں بھر دیں۔

کستوری صابن

نرم اور سفید صابن جو چربی کا بنا ہوا ہو۔ حسب ضرورت لے کر باریک باریک کتر لیں۔ اور کسی قدر پانی ملا کر آگ پر رکھیں جب حل ہو کر پتلی لئی سی بن جائے۔ تو عرق کیوڑا میں اذخر ابال کر مقطر کر لیں اور مقطر پانی تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جائیں۔ یہاں تک کہ صابن کا قوام تیار ہو جائے پھر کستوری ایک پونڈ میں دو رتی کے حساب سے شراب میں حل کر کے ملا دیں۔ اگر کستوری نہ مل سکے تو جند بیدستر عرق مذکور میں حل کر کے ملا دیں۔ اعلیٰ درجہ کا بازاری صابن تیار ہو گا۔

گلیسرین سوپ

ہر قسم کا سادہ صابن گلیسرین سوپ بنایا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ جب قوام تیار ہو جائے۔ اس وقت فوراً اصلی گلیسرین قوام میں ملا دیا جائے۔ قوام پختہ ہو جانے پر سانچوں میں بھر لیں۔

گلیسرین سوپ دوسری قسم کا

گلیسرین ۷ حصہ۔ تیزاب۔ سوڈا کاسٹک ۱ حصہ لے کر دولو

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کو آگ پر یہاں تک گرم کرو۔ کہ دونوں چیزیں یک جان ہو جائیں جب تو ام درست ہو جائے۔ تو حسب ضرورت اور منشا سانچوں میں بھر دیں۔

گلیسرین سوپ

ناریل کا تیل ۲ سیر۔ چربی گاہ ۱ سیر دانہ دار چینی ۴ سیر

اول چربی پگھلا کر تیل ملا دو۔ پھر سوڈا کاسٹک کا تیزاب۔ دانہ دار چینی میں حل کر کے تھوڑا تھوڑا چربی اور تیل میں ملا کر آہستہ آہستہ گھوٹو۔ جب قوام تیار ہونے لگے۔ تو سینٹ خوشبو کے لئے ملاؤ اور حسب منشا کوئی رنگ بھی ڈال دو۔ سوڈا کاسٹک تیزاب ۲۲ نمبر کا ہونا چاہئے۔ ورنہ صابن تیار نہ ہو گا۔

نوٹ۔ انگریزی صابن کا عنوان دینے کے ساتھ ہی واضح طور پر اصلی نسخہ لکھ دیا گیا ہے۔ اسی نسخہ میں مرضی کے موافق رنگ اور خوشبو دیکر۔ خوشبو کے لحاظ سے صابن کا نام رکھا جا سکتا ہے ہے۔ کیونکہ اصل اور خالص نسخہ وہی ہے۔ جو ہم شروع میں لکھ آئے ہیں۔ دیسی اور انگریزی صابن میں صرف یہی فرق ہے۔ کہ انگریزی میں ناریل کا تیل اور دیسی میں سرسوں یا تلوں کا تیل استعمال کیا جاتا ہے۔ چربی محض اس لئے لگائی جاتی ہے کہ صابن سستا تیار ہو جائے۔ تیل ڈالنے کی صورت میں صابن مہنگا تیار ہوتا ہے ؛

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لیموں کا صابن

لیمو سادہ سفید صابن ۲۵ پونڈ۔ نشاستہ ایک پونڈ۔ روغن دارچینی ایک بوتلہ۔ لیموں کا تیل دو اونس۔ مونگ کا تیل ایک اونس۔

ترکیب۔ نشاستہ پانی میں حل کر کے آگ پر پکائیں۔ اور لئی کی مانند کر کے صابن کے باریک باریک ٹکڑے کر کے ملا دیں۔ جب دونوں مل جائیں۔ تو باقی چیزیں ملا دیں۔ اور خوب حل کریں ایک جان ہونے پر سانچوں میں بھر کر رکھ دیں۔ تیار ہو گا۔

دوسری ترکیب

چربی ۱½ سیر۔ کھجور کا تیل ۲ سیر۔ سلوشن آف کاسٹک سوڈا ۱½ سیر۔

چربی کو پگھلائیں اور پھر کھجور کا تیل ملا کر پھر تیز اب ملا کر خوب ہلائیں۔ یہاں تک کہ قوام تیار ہو جائے۔ بعد ازاں سانچوں میں بھر کر رکھ دیں۔ ضرورت کے موافق مست لیموں قوام پختہ ہونے کے وقت ملا دیں۔

صابن کیوڑا

روغن ناریل چار سیر۔ پانی چار سیر۔ سوڈا کاسٹک ایک سیر۔ الوری کیوڑا چار اونس۔ عرق کیوڑا ایک سیر۔ روح کیوڑا دیسی

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دوسری ترکیب

معمولی سفید سادہ صابن ۵ حصہ۔ روح کیوڑا ۲ حصہ۔ گل کیوڑا چوتھائی حصہ لے کر سادہ صابن کو بذریعہ واٹر باتھ پکائیں۔ اور جب قوام درست ہو جائے تو روح کیوڑا اور گل کیوڑا صاف کر کے ملا کر صابن تیار کر لیں۔

پیر سوپ

تیل ناریل ۱۰ سیر۔ سوڈا کاسٹک ۱½ سیر۔ پانی ۴½ سیر۔ اسینس آف ناشپاتی ۱۲۰ اونس۔

اول حسب دستور کاسٹک سلوشن تیار کر کے صابن تیار کر لیں۔ قوام درست ہو جانے پر اسینس آف ناشپاتی ملا دیں۔ اور سانچوں میں بھر دیں۔ نہایت اعلےٰ درجے کا صابن تیار ہو جائیگا۔

کاربانک سوپ

کھجور کے تیل کا صابن ۱ پونڈ۔ سوجی نصف پونڈ۔ کاربالک ایسڈ کی قلمیں ½ اونس۔ روغن زیتون۔ ایک اونس۔ لونگ کا تیل نصف اونس۔ پہلے صابن کو باریک کتر کر پانی میں گھول کر آگ پر پکائیں۔ پھر کاربالک ایسڈ کو پانی میں حل کر کے ملائیں۔ اور قوام درست کر کے باقی چیزیں ملا دیں۔ اور سانچوں میں بھر کر حسب

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مرضی صابن تیار کرلیں۔

ترکیب دیگر

تیل ناریل ۴ پونڈ۔ کاسٹک سوڈا ۲ پونڈ۔ پانی ۱۰ پونڈ۔ سوجی ایک پونڈ۔ کاربالک ایسڈ ایک اونس۔ روغن لونگ ایک اونس۔

پہلے کاسٹک کو پانی میں حل کریں۔ پھر تیل اور سوجی کو حل کرکے اس میں کاسٹک سلوشن ملادیں۔ قوام تیار ہونے پر دوسری چیزیں ملادیں۔ اور خوب گھوٹیں جب قوام درست ہوجائے تو میں بھر دیں۔

ترکیب دیگر

معمولی سادہ صابن لے کر تراش کر پانی میں ڈالیں اور چولھے پر رکھیں۔ جب پتلی لئی سی بن جائے۔ تو کاربالک ایسڈ کو تیل میں ملاکر لئی میں ملادیں۔ اور خوب زور سے گھوٹیں۔ جب قوام درست ہوجائے تو سانچوں میں بھر رکھیں۔

نوٹ۔ کاربالک سوپ کی ٹکیاں ورق قلعی میں لپیٹ کر رکھنا چاہیئے۔ اور اس صابن کے لئے تیز اور گاڑھا رنگ جو دینا چاہو دیا دو۔ معمولی ہلکا رنگ دینے سے صابن نکما ہوجائیگا۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

گندھک کا صابن

معمولی سفید صابن کو باریک کتر کر گرم پانی میں حل کرو۔ جب اسکی شکل پتلی لئی جیسی ہو جائے تو ایک اونس گندھک باریک پیس کر اس میں حل کر دیں۔ اور خوب گھوٹیں قوام درست ہو جانے پر گندھک کی بو دور کرنے کے لئے چند قطرے عطر گلاب ملائیں۔ بعد ازاں حسب دستور صابن تیار کر لو۔

نیم کا صابن

تیل ناریل ۴ سیر۔ کاسٹک ایک سیر۔ پانی پانچ سیر۔ میدہ ایک سیر اول حسب معمول سادہ صابن تیار کریں۔ بعد ازاں تیار شدہ صابن کو باریک کتر کر کسی قدر پانی ملا کر خوب گھوٹیں۔ اور حل کریں۔ پھر اس میں ½ حصہ پانی رسوب کا ڈال کر خوب گھوٹیں۔ بعد ازاں عرق نیم ڈال کر قوام درست کریں۔ حسب منشا رنگ دیکر صابن کو سانچوں میں بھر دیں۔

نوٹ۔ نیم کا صابن استعمال کرنے سے پھوڑے پھنسیاں اور خارش بالکل نہیں ہوتی۔ خون کی خرابی کو درست کرنے کے لئے اس سے بہتر اور کوئی صابن نہیں ہے۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دوسری ترکیب

نیم کے پتے لے کر ان کا عرق نکالیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ اور اسی عرق میں کاسٹک کو حل کر کے حسب معمول صابن تیار کر لیں نہایت اعلےٰ درجے کا صابن تیار ہوگا۔ مگر کسی قدر مہنگا پڑیگا۔ اگر اس صابن میں تیل ناریل کی بجائے۔ تلون کا تیل ڈالا جائے اور ایک دو قطرے تیزاب گندھک کے ملائے جائیں تو اور بھی مفید ہوگا۔

نرگس سوپ

میدہ ایک سیر۔ پانی چار سیر۔ کاسٹک ایک سیر۔ تیل ناریل ۴ سیر۔ روح نرگس ۲ اونس۔

حسب معمول صابن تیار کریں۔ اور قوام درست ہونے پر روح نرگس اور جو رنگ مطلوب ہو۔ ملا دیں۔ سرد ہونے پر سانچوں میں بھر کر ٹکیاں بنا لیں۔

ٹائی لٹ سوپ

چربی پنیرہ پونڈ۔ تیزاب کاسٹک سترہ درجہ کا ۲ پونڈ۔ پہلے چربی کو آگ پر پگھلاؤ۔ اور تھوڑا تھوڑا کر کے تیزاب کاسٹک

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ملاتے جاؤ۔ اور خوب ہلاتے رہو۔ قوام صابن تیار ہو جانے پر جو رنگ مطلوب ہو۔ اور جونسی خوشبو درکار ہو۔ ملا کر سانچوں میں بھر لو۔

نوٹ۔ اگر چربی کی جگہ تیل ہی استعمال کیا جائے۔ تو بہت مفید ہوگا۔

سنگترہ سوپ

سوڈا کاسٹک ایک سیر۔ تلوں کا تیل صاف کیا ہوا چار سیر پانی ۵ سیر۔ ست سنگترہ ایک پاؤ۔

پہلے حسب دستور صابن تیار کرو۔ بعد ازاں قوام درست ہو جانے پر ست سنگترہ ملا کر حل کرو۔ اور جو رنگ درکار ہو وہ رنگ ڈال کر صابن کو سانچوں میں بھر دو۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا صابن تیار ہوگا۔

ٹائی لٹ سوپ

ناریل کا تیل ۱۰ پونڈ۔ ۲۲ درجے کا کاسٹک سلوشن ۲۴ پونڈ۔

ترکیب:۔ اس کی یوں ہے۔ کہ اول تیل کو آگ پر گرم کرو۔ اور آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا کر کے کاسٹک سلوشن ملاتے جاؤ۔ جب قوام درست ہو جائے تو حسب مرضی رنگ اور خوشبو دیکر سانچوں میں بھر لو۔ نہایت خالص اور اعلیٰ درجے کا صابن تیار ہوگا۔ جس میں کسی قسم کا کھوپ یا ملاوٹ نہیں ہے۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

بادام سوپ

روغن بادام شیریں ایک پاؤ۔ روغن تلخ ایک پاؤ۔ روغن زیتون آدھ پاؤ۔

اول ان تینوں روغنوں کو ملا کر یک جان کرو۔ پھر روغن نارین یا چربی اعلیٰ قسم ایک پاؤ گلا کر ملاؤ۔ بعد ازاں کاسٹک سلوشن تھوڑا تھوڑا کر کے ہلاتے جاؤ۔ اور خوب زور سے گھوٹتے رہو۔ جب قوام درست ہونے لگے۔ تو ٹنکچر آف عنبر ۱ ماشہ اور بادام ۲ ماشہ ملاؤ۔ اور بادامی رنگ بھی حل کرو۔ بعد ازاں قوام درست ہو جانے پر سانچوں میں بھر لو۔ نہایت ہی نفیس اور اعلیٰ درجے کا خوشبودار صابن تیار ہوگا۔ جو ولایتی صابن کو مات کریگا۔

عنبر سوپ

روغن ناریل چار حصہ۔ پانی پانچ حصہ۔ کاسٹک سوڈا۔ ایک حصہ ٹنکچر آف عنبر ۶ ڈرام۔

کاسٹک کو پانی میں حل کر کے کاسٹک سلوشن تیار کریں۔ بعد ازاں تھوڑا تھوڑا کر کے آہستہ آہستہ روغن ناریل میں ملاؤ۔ اور خوب گھوٹتے جاؤ۔ جب قوام درست ہونے پر آئے۔ ٹنکچر آف عنبر ملاؤ۔ اور حسب مرضی رنگ ڈال کر قوام کے درست ہونے پر سانچوں میں بھر لو۔ گو یہ صابن کسی قدر مہنگا پڑے گا۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لیکن نہایت اعلیٰ ہوگا

اگر یہ صابن زیادہ سستا بنانا منظور ہو۔ روغن ناریل کی بجائے چربی ڈال دو۔ اور ایک حصہ میدہ یا سوجی ڈال دو۔ صابن کی شکل وصورت تو نہایت اعلیٰ ہوگی۔ مگر خالص نہیں ہوگا۔ البتہ سستا ضرور ہوگا۔ بازار میں اگر چار آنے ٹکیہ روغن ناریل والا صابن ملتا ہو۔ تو تم چربی اور سوجی ڈال کر وہی صابن اسی ٹکیہ کے حساب سے بازار میں فروخت کر سکتے ہو۔ لیکن ہندوستانیوں کے لئے لازم ہے کہ وہ چربی سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ کیونکہ چربی والا صابن استعمال کرنے کے بعد جسم ذرا کھردرا سا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن تیل کے صابن کے استعمال کے بعد جسم ملائم اور نرم معلوم ہوتا ہے۔

صابن بہار

معمولی سادہ سفید صابن چار پونڈ لے کر باریک باریک تراش کر کسی قدر پانی ملا کر چولہے پر رکھو۔ جب حل ہو کر پتلی لئی سی بن جائے تو روغن بہار یعنی روغن کرنا دو اونس ملا دیں۔ بعد ازاں حسب مرضی رنگ دے کر قوام کو سخت کر کے سانچوں میں بھر لیں

نوٹ۔ اگر معمولی پانی ڈالنے کی بجائے عرق بہار یعنی کرنے کے پھولوں کا عرق ڈال کر لئی سی بنائی جائے تو اور مفید اور بہتر ہوگا۔ اگرچہ ذرا گراں بنے گا۔ لیکن خوشبو بالکل زائل نہ ہو گی۔ اور صابن بھی اعلیٰ قسم کا تیار ہوگا۔ کرنا کھٹے کے درخت

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کو کہتے ہو۔ چونکہ کھٹے کے درخت میں اوائل موسم بہار میں پھول آتے ہیں۔ اس لئے۔ اس کو گل بہار۔ یا کرنا کہتے ہیں۔

بیوٹی سوپ

کھجور کے تیل کا بنا ہوا معمولی صابن چار پونڈ لے کر باریک باریک ٹکڑے کر کے گرم پانی میں ڈال کر بوتلوں میں بھر دیں اور ہر روز دو چار مرتبہ ہلا دیا کریں۔ چند دنوں کے بعد جب صابن گھل کر پانی میں حل ہو جائے تو اوپر سے قطر یا تیل الگ کر لو۔ اور اس میں ایک پونڈ گلیسرین خالص ملا کر خوب گھوٹو۔ تاکہ گھن کی طرح سفید ہو جائے۔ بعد ازاں اسے نرم آگ پر رکھو۔ جب یک جان کر قوام درست ہونے لگے تو مرضی کے موافق رنگ اور خوشبو ملا کر سانچوں میں بھر دو۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا صابن تیار ہو جائیگا

کافوری صابن

معمولی سفید صابن ½ ۱۲ پونڈ۔ روغن زرد ¾ پونڈ۔ کافور ایک اونس۔ روغن بادام ½ اونس۔

اول صابن کو باریک تراش کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں تاکہ حل ہو کر دودھ کی مانند ہو جائے۔ بعد ازاں اس کو خوب پکاؤ۔ جب قوام پختہ ہونے لگے تو تیل ملا کر اور پکاؤ۔ یہاں تک کہ قوام بالکل پختہ ہو جائے۔ قوام پختہ ہونے سے ذرا پہلے کافور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ملاؤ۔ سخت ہونے پر سانچوں میں بھر کر ٹکیاں بنا لو۔ رنگ حسب مرضی جو چاہو دے لو۔

دوسری ترکیب

سوپر میٹی لیک اونس۔ سفوف کافور قدرے۔ سپرٹ دو اونس سفید معمولی صابن ۱۲ اونس۔

اول صابن تراش کر حسب ضرورت پانی ملا کر آگ پر رکھو تاکہ قوام درست ہو جائے۔ لیکن پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر قوام کو پکانا چاہیئے۔ جب قوام تیار ہو جائے تو سوپر میٹی کو آگ پر رکھو۔ جب حل ہو جائے تو احتیاط کے ساتھ آہستہ آہستہ کر کے صابن کے قوام میں ملا کر خوب زور سے گھوٹو۔ بعد ازاں کافور کو سپرٹ میں ملا کر صابن کے قوام میں ڈال دو۔ اور گھوٹو۔ جب قوام سخت ہو جائے تو پھر سانچوں میں بھر کر ٹکیاں جماؤ۔

فرانسیسی صابن

تیل زیتون ۲ حصہ۔ چربی ۴½ حصہ۔ اخروٹ کا تیل ۱ حصہ۔ تیزاب سوڈا کاسٹک ۵½ حصہ۔

پہلے چربی کو گلا کر تیل ملائیں اور خوب زور سے ہلائیں۔ بعد ازاں تھوڑا تھوڑا کر کے تیزاب ڈالتے جاؤ۔ اور ہلاتے رہو۔ تاکہ یکجان

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ہو کر قوام سخت ہو جائے۔ بعد ازاں سانچوں میں بھر لو۔ نہایت اعلیٰ قسم کا صابن تیار ہو گا۔ خوشبو اور رنگ مرضی کے مطابق کر لو۔

رکشن باتھ سوپ

تیل زیتون چار حصہ۔ آرنڈ کا تیل ایک حصہ۔ سوڈا کاسٹک سلوشن ½ احصہ۔ سوجی ½ احصہ۔

ترکیب۔ اول اونڈ اور زیتوں کے تیل کو حل کر کے پھر سوجی یا میدہ حل کرو۔ بعد ازاں تھوڑا تھوڑا کر کے کاسٹک سلوشن ڈالتے جاؤ۔ اور ہلاتے جاؤ۔ جب خوب حل ہو جائے۔ تو تھوڑا دیر کے لئے نرم آگ پر رکھو۔ اور ہلاتے رہو۔ جب قوام سخت ہونے لگے تو مرضی کے موافق خوشبو اور رنگ ڈال کر قوام کو بچھا کر کے سانچوں میں بھر لو۔ نہایت اعلیٰ درجے کا صابن تیار ہو جائے گا۔ غسل کے لئے اس سے بہتر صابن اور کوئی نہیں مل سکے گا۔

چائنا سوپ

پانچ پونڈ تیل ناریل آگ پر گرم کرو۔ نرم ہو جانے پر ۲۰۸ درجہ کا کاسٹک سلوشن پندرہ پونڈ کے قریب لے کر تھوڑا تھوڑا کر کے تیل میں حل کر کے اور ہلاتے رہو۔ قوام کے درست ہو جانے پر ایک اونس کا فورا الکحل میں حل کر کے ملا دو۔ اور کسی قدر سست

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لیموں بھی ڈال دو۔ صابن تیار ہے۔ اس صابن میں کسی قسم کا رنگ نہ ڈالنا چاہیئے۔ کیونکہ رنگ ڈالنے سے صابن خراب ہو جاتا ہے۔

کریم سوپ

سوک کا بنا ہوا سفید صابن باریک کتر کر آگ پر رکھو۔ اور ضرورت کے موافق اس میں پانی ڈال دو۔ جب صابن اور پانی ربڑی کی طرح ہو جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے اس قدر گھولو کہ لیس پیدا ہو جائے۔ بعد ازاں اس میں روغن بادام اور روغن سنگترہ ملا کر قوام پختہ کرو۔ اور پھر سانچوں میں حسب مرضی ٹکیاں بناؤ۔ نہایت ملائم اور اعلیٰ صابن بنے گا۔

کسٹائل سوپ

اس کے بنانے کی ترکیب ہو بہ ہو وہی ہے۔ جو بادام کا صابن بنانے کی اوپر لکھی جا چکی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے۔ کہ اس میں روغن بادام نہیں ڈالا جاتا۔ بلکہ روغن زیتون ڈالتے ہیں۔ اور کسی قدر عرق کیسس ملا کر داغدار کر دیتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

عمدہ ہلکا اور پانی میں تیرنے والا صابن

اس قسم کا صابن علاقہ بنگال اور اس علاقہ میں جہاں کہ پانی کے لئے کنوئیں نہیں ہیں۔ بلکہ نہر۔ دریا۔ اور تالاب کا پانی استعمال کیا جاتا ہے۔ نہایت مفید اور سود مند ہے۔ کیونکہ یہ صابن پانی پانی پر تیرتا رہتا ہے۔ اور ہاتھ سے چھوٹ کر پانی کی تہ میں بیٹھ جانے کے باعث گم نہیں ہوتا۔ اس لئے اس قسم کے صابن کی تجارت مندرجہ بالا علاقوں میں بہت اچھی طرح اور فائدہ مند ہو سکتی ہے اگرچہ ہمارے پنجاب میں بھی اس قسم کے صابن کی مانگ بہت ہے۔ لیکن پنجابی لوگ اس قسم کے صابن کی قدر نہیں کرتے۔ کیونکہ پنجاب میں کوئیں کثرت سے ہیں۔ جہاں کہ صابن ہاتھ سے چھوٹ کر ضائع نہیں ہوتا۔ خواہ وہ پانی کی تہ میں کیوں نہ بیٹھ جائے۔

تیل ناریل کا عمدہ صابن

۹ حصے پانی۔ ایک حصہ پہلے صابن کو باریک تراش کر پانی میں اور آگ پر رکھیں۔ جب صابن نرم ہو جائے اور پھول جائے۔ تو لکڑی کے دستے سے خوب گھوٹیں۔ یہاں۔ یہاں تک کہ خمیر جب نظر آنے لگے۔ اور جھاگ ہی جھاگ نظر آئے بس صابن تیار ہے۔ مرضی کے موافق رنگ اور خوشبو ملاؤ۔ اور کچھ عرصہ پڑا

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

رہنے دو۔ سرد ہو کر جم جائے گا۔ مناسب وقت پر سانچوں میں بھر کر ٹکیاں بنالیں۔ اور فروخت کر کے فائدہ حاصل کریں۔

کرڈ سوپ

ناریل کا تیل ۴ حصہ۔ پانی ۵ حصہ۔ کاسٹک ایک حصہ۔

ترکیب۔ یہ ہے کہ کاسٹک سوڈا پانی میں ملا کر کسی لوہے کے برتن میں رکھ دو۔ تاکہ سلوشن تیار ہو جائے۔ اس کے بعد روغن ناریل ایک علیحدہ لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور آہستہ آہستہ ہلاتے جائیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ تھوڑا تھوڑا سلوشن کاسٹک بھی ملاتے رہیں۔ جب قوام صابن کا تیار ہو جائے۔ تو سرد کر کے ٹکیاں بنالیں۔ اور استعمال میں لائیں۔

نوٹ۔ اس کتاب میں معمولی سفید صابن کا ذکر کئی بار آیا ہے۔ کسی قسم کا صابن بنانے کے متعلق ہم نے لکھا ہے۔ کہ معمولی سفید صابن وغیرہ وغیرہ۔ اس صابن سے مراد یہی کرڈ سوپ ہے۔

مومیا صابن

چربی ایک حصہ۔ پوٹاش کی لائی ۲۶ درجہ والی ½ حصہ۔ اولی چربی کو آگ پر پگھلاؤ۔ تیل کی طرح ہو جانے پر لائی پوٹاش کا پانی ڈال کر خوب گھوٹو۔ یہاں تک کہ دونوں مل کر مکھن کی طرح ہو جائیں لیکن آگ نرم رکھنی چاہیئے۔ تاکہ مرکب ابل کر باہر نہ آجائے۔ جب

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

صابن کی طرح بن جائے۔ تو باقیماندہ پوٹاش کا پانی بھی ملادو۔ اور خوب گھوٹو۔ آگ بدستور نرم جلتی رہے۔ یہاں تک کہ تمام پانی خشک ہو جائے۔ اور صابن کا قوام تیار ہونے لگے۔ تو فوراً آگ پر سے اتار کر سرد کرنے کے لئے ٹھنڈی جگہ رکھ دو۔ جب سرد ہو جائے تب پتھر کے اون دستہ میں خوب گھوٹو۔ یہاں تک کہ دودھ کی طرح سفید چمکدار نظر آنے لگے۔ اسی وقت فوراً بادام تلخ کا ست خوشبو اور رنگ وغیرہ ڈال کر سانچوں میں بھر دو۔

دیگر ترکیب

چربی کا بنا ہوا عمدہ صابن باریک تراش کر سکھاؤ۔ اور ایک حصہ الکحول لے کر ملاؤ۔ اور تانبے کی دیگچی میں ڈال کر نرم آگ پر رکھو۔ جب دونوں ایک جان ہو جائیں۔ تو آگ مدہم کر کے چھوڑ دو۔ یہاں تک کہ مقطر ہو جائے۔ پھر اوپر سے مقطر اتار لو۔ اور سانچوں میں بھر کر سرد کر لو۔ اور سرخ رنگ کرنا منظور ہو تو ٹنکچر آف آئریل ملا دو۔ اگر زرد رنگ کرنا منظور ہو ٹنکچر آف ہلدی ملا دو۔ نہایت عمدہ صاف اور شفاف صابن تیار ہوگا۔

لیونڈ سوپ

معمولی صابن ۱۴ پونڈ لے کر تراش کر کڑاہی میں ڈالو۔ اور پانی ملا کر آگ پر رکھو۔ صابن پانی میں گھل کر یک جان ہو جانے پر ۳ اونس لیونڈر

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ملادو۔ اور سانچوں میں بھر کر حسب مرضی ٹکیاں بنالو۔

چکنائی دور کرنے کا صابن

کسٹائل سوپ چار پونڈ۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ایک پونڈ۔ صابن کو پانی میں ملاکر آگ پر رکھو۔ جب صابن نرم ہو جائے تو اس میں پوٹاس ملاؤ۔ اور خوب گھوٹ کر یک جان کردو۔ پھر اس میں ایک اونس الکول اور ایک اونس ہارٹ نارن ملاکر خوب گھوٹو۔ پھر پکا کر صابن کا قوام درست ہونے پر سانچوں میں بھرلو۔ صابن تیار ہو جائیگا۔

اس صابن کے استعمال کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ وقت ضرورت صابن لے کر پانی میں گھوٹو۔ اور کپڑے یا کسی اور چیز سے صابن سے چکنائی کا داغ دور کرنا مطلوب ہو لگادو۔ اور تین گھنٹے تک پڑا رہنے دو۔ بعد ازاں گرم گرم پانی سے دھو ڈالو۔ داغ چکنائی کا بالکل دور ہو جائے گا۔

اونی کپڑے پر سے داغ دور کرنے کا صابن

ایک سیر ناریل کا تیل۔ تیزاب پوٹاس ۲ سیر۔ تیزاب گندھک ایک پاؤ۔

اول تیزاب پوٹاش اور تیزاب گندھک کے تیزاب کو ملاؤ۔ اور پھر ناریل کے تیل میں ملاکر زور سے پھینٹو۔ اور ایک جان کردو۔ پھر قوام سخت کرکے حسب مرضی سانچوں میں ٹکیاں بنالو۔ اور وقت ضرورت اونی کپڑے کو گرم پانی اور اس صابن سے دھو ڈالو۔ داغ

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سفید ہو جائے گا۔ اور کپڑا بالکل صاف ہو جائے گا۔

ورم دُور کرنے کا صابن

تین سیر پانی میں ایک سیر آیوڈین حل کرو۔ بعد ازاں دو سیر کسٹائل سوپ کو باریک تراش کر گھول لو۔ اور اس میں حل شدہ آیوڈین ملا کر قوام سخت کر لو۔ اور حسب مرضی ٹکیاں بنا کر رکھ لو۔ اگر کسی جگہ ورم یا سوجن پیدا ہو جائے۔ یا زخم پھول جائے یا مواد اٹھ کھڑا ہو۔ تو اس وقت اس صابن کو پانی میں گھول کر متورم جگہ یا زخم وغیرہ پر لگا دو۔ فوراً آرام آ جائے گا۔ نہایت عمدہ صابن ہے۔

دوسری ترکیب

کسٹائل سوپ ایک پونڈ تراش کر تھوڑے سے پانی میں ڈال کر آگ پر رکھو۔ جب صابن گل جائے۔ تو اس میں ایک اونس آیوڈائیڈ پوٹاشیم تین حصے پانی میں حل کر کے ڈال دو۔ اور قوام درست کر کے سانچوں میں بھر لو۔ نہایت اعلیٰ درجے کا زخموں اور ورم وغیرہ کے لئے بن جائے گا۔

دردِ بند اور زکام دور کرنیکا صابن

سفید مومیائی صابن ضرورت کے مطابق لے کر تھوڑے سے پانی

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

میں ڈال کر آگ پر گلاؤ۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ تو کافور اور نوشادر ملا کر قوام سخت کرو۔ اور سانچوں میں حسب مرضی ٹکیاں بنا کر بازار میں فروخت کرو۔ نہایت مفید اور اعلیٰ صابن تیار ہو گا۔

دوسری ترکیب

اول سفید معمولی صابن کو باریک تراش کر پانی ملا کر آگ پر رکھیں جب یک جان ہو جائے۔ تو سلفورس ایتھر بحساب ۲ دو چھٹانک فی سیر قوام میں ڈال دیں فوراً قوام سخت ہو جائے گا۔ لیکن سلفورس ایتھر ڈال کر جلدی سخت کر کے سانچوں میں بند کر دیں تاکہ اثر زائل نہ ہونے پائے۔ بعد ازاں بوقت ضرورت پانی سے ترکر کے سر پر ملیں۔ انشاء اللہ فوراً زکام یا درد رفع ہو جائے گا۔ پسینہ کھل کر سر کو آ جائے گا۔

زخم اور کیڑوں کے مارنے کا صابن

معمولی کرڈ سوپ دو پونڈ لے کر تراش کر پانی میں ڈالیں۔ اور چولھے پر رکھ کر نرم آنچ پر حل کریں۔ جب صابن گھل کر یک جان ہو جائے تو چار اونس تارپین کا تیل اور سفوف گندھک دو اونس حل کر کے ملا دیں۔ اور خوب گھوٹ کر قوام درست کر کے صابن تیار کر لیں۔ اس صابن کے کیڑے بھی فوراً مر جاتے ہیں۔ نہایت مفید اور کارآمد صابن ہے۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

جانوروں کیلئے صابن

سفید معمولی صابن کو حسب معمول تراش کر پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس اثنا میں ٹارٹر ٹارٹک زیلک ایسڈ میں حل کرلیں۔ جب صابن آگ پر گھل کر درست ہو جائے تو ٹارٹر وغیرہ حل شدہ ملا کر قوام درست کر کے سانچوں میں بھر لیں۔ اس صابن کے استعمال سے جانوروں کے بدن کی تمام بدبو دور ہو جاتی ہے۔ اور ان کے سم کے بال بالکل نکھر جاتے ہیں۔ نہایت مفید اور اعلیٰ صابن ہے۔

حجامت کا صابن

معمولی سفید صابن دو اونس۔ عمدہ شہد کا صابن ایک اونس روغن روغن زیتون ½ ۱ اونس۔ پانی ایک چمچہ۔ کاربونیٹ۔ آف سوڈا نصف ڈرام

ترکیب۔ اول دونوں قسم کے صابن کو باریک تراش لیں۔ اور کسی قدر پانی ملا کر آگ پر رکھدیں۔ جب صابن گھل کر دلیہ کی طرح ہو جائے تو سوڈا اور روغن زیتون ملا کر خوب زور سے گھوٹیں۔ بعد ازاں حسب مرضی کوئی خوشبو ملا کر قوام درست کر کے سانچوں میں بھر لیں۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تیسری ترکیب

دو اونس صابن ناریل کو باریک تراش کر اس میں دو اونس معمولی سفید صابن تراش کر ملاؤ۔ پھر دو اونس سالٹ آف ٹارٹار ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹو اور کوٹتے وقت آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا عرق زیتون ایک پائنٹ ملا دو۔ اور دونوں کا اچھی طرح مقطر کر کے بوتل میں بھر لو۔ بوقت ضرورت ایک چمچہ پانی میں چند قطرے ڈال کر استعمال کرو۔

صابن سہاگہ

پسا ہوا سہاگہ ۱ تولہ۔ شہد کا صابن۔ یا معمولی سفید نرم صابن ۲ پونڈ کتر کر حل کریں۔ اور اس میں پسا ہوا سہاگہ ملا کر گھوٹیں۔ جب قوام سخت ہو جائے تب صابن جما لیں۔ اس کے استعمال سے جھاگ کم اٹھتا ہے اور لیس بہت چھوڑتا ہے۔ بدن نرم ہو جاتا ہے۔

بلبلا اٹھنے والا صابن

سفید کسٹائل صابن کو تراش لو۔ اور ایک بوتل میں بھر کر اس میں مقطر پانی ڈال کر ہر روز ہلاتے رہو۔ تاکہ چند روز میں صابن بالکل حل ہو جائے تب اس میں دوگنی گلیسرین ملا کر اس قدر پکاؤ کہ قوام سخت ہو جائے۔ صابن کے لائق ہو جانے پر سانچوں میں بھر لو۔

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

پارہ کا صابن

۲ پونڈ کسٹائل سوپ کے ٹکڑے کر لو۔ اور تھوڑا سا پانی ملا کر آگ پر رکھ کر پگھلا دو۔ جب گل جائے۔ تو پرو ٹوکلورائیڈ آف مرکیوری آدھ اونس کو ۲ اونس الکحل میں ملا کر اس میں ڈال دیں اور اچھی طرح گھوٹیں جب قوام پک کر درست ہو جائے۔ تب سانچوں میں بھر لیں۔ زخموں کے کرم وغیرہ صاف کرنے کے کام آتا ہے۔

جب صابن استعمال کرنا ہو۔ تو صابن کو گرم کر لیں۔ یعنی گرم پانی میں مل لیں۔ کیونکہ پارہ کی بو سے کرم دور ہو جاتے ہیں۔

سوپ مال کافوری

سوپر میسی ایک اونس۔ کافور کا سفوف تھوڑا سا سپرٹ ملا کر چار اونس سفید کرڈ سوپ ۱۲ اونس۔ پانی حسب ضرورت۔ سفید کرڈ سوپ کو تراش کر بار تک کر لو۔ اور تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر قوام کر لو۔ تب سوپر میسٹی کو آگ پر حل کر لو۔ یہ گھلا ہوا صابن اس میں ملا کر گھوٹیں اور کافور ملا کر خوب حل کریں۔ تب قوام سخت کر کے صابون بنا لیں۔

ترکیب دیگر

زرد پرانا صابن ۲ سیر۔ رشا ایک سیر۔ خوشبو حسب ضرورت دونوں جزوں کو نرم آنچ پر گلا کر خوشبو ملائیں۔ اور گولیاں

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

بنالیں۔

ہائی ڈارجی صابن

گندھک کے تیزاب میں پارہ کو ڈال کر نرم آگ پر رکھو۔ جب پارہ کا کشتہ ہو جائے۔ تب چربی کو آگ پر گلا دو۔ اور اس میں یہ کشتہ ملا دو۔ سرد کر کے اتار لو۔ اور اس مرہم کو پٹی پر جما کر زخم پر باندھنے سے بدبو دُور ہو جاتی ہے۔ نیز گرم بھی۔

انڈے کی زردی کا صابن

ناریل کا تیل ۴ پونڈ۔ ۲۵ انڈوں کی زردی۔ چربی کو گلا کر ناریل کا تیل ملاؤ۔ پھر انڈوں کی زردی ملا کر روغن زیتون اس قدر ملاؤ۔ کہ سب کا وزن ۱۰ پونڈ ہو جائے۔ پھر اس میں ۳۸ درجہ کا تیزاب سوڈا کاسٹک کا ۴½ پونڈ تھوڑا تھوڑا ملاتے جاؤ۔ اور خوب گھوٹو۔ پھر اس میں روغن لیموں یا دار چینی یا لونگ وغیرہ ملا کر خوشبو دار کر لو۔ یہ صابن ہاتھ منہ دھونے کے لئے بڑا ہی مفید ہے۔

مچھلی کی چربی کا صابن

چربی مچھلی ۵ سیر۔ تیل کھجور ملاؤ۔ یک جان ہونے پر تیزاب سوڈا تھوڑا تھوڑا کر کے ملا کر گھوٹو۔ بعد ازاں پاؤ رال ملاؤ۔ اور پھر ۲۰ درجہ والا تیزاب ½ ۱ سیر اور ملاؤ اور خوب گھوٹو۔ بعد ازاں

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

پکا کر قوام سخت کر لو۔

خطمی کے لعاب کا صابن

۳۰ پونڈ سفید کچا صابن۔ ۲۰ پونڈ تیل کھجور کا صابن۔ دونوں کو تراش کر پانی میں گھول کر آگ پر پکائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تب زرد اوکر ۲½ اونس عصارہ ریونڈ ۲½ اونس ملا کر رنگ دیں اور پھر روغن لونڈر ۱ اونس۔ روغن لیموں ایک اونس روغن پودینہ ½ اونس۔ روغن فرولی ایک اونس سب کو ملا ڈالیں اور سانچوں میں بھر کر ٹکیاں کاٹ لیں۔

بال اڑانیکا صابن

ایک تولہ سفوف نشاستہ۔ بیریم سلفائڈ ایک تولہ۔ سوڈا کاسٹک نصف تولہ۔ روغن ناریل ½ ۱ تولہ۔ پانی ۲ تولہ

حسب معمول سب کو یکجان کر کے مرضی کے موافق خوشبو ملا کر سانچوں میں بھر کر مرضی کے موافق ٹکیاں بنا لو۔ ضرورت کے وقت صابن کا تھوڑا سا ٹکڑہ کاٹ کر گرم پانی میں حل کر کے بالوں پر لگا دو۔ دو منٹ میں بال خود بخود صاف ہو جائیں گے۔

ختم شد

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

فیض اللغات

فارسی

طلباء کو بالخصوص اور مطالعہ کے شوقین حضرات کو بالعموم خوشخبری دی جاتی ہے کہ فارسی کی درسی یا غیر درسی کتابوں کا مطالعہ کرنا استاد کی مدد کے بغیر بالکل آسان ہو گیا ہے۔

آپ

فیض اللغات فارسی طلب فرمائیں۔ جس میں معانی فارسی سے اردو میں دئے گئے ہیں۔ اور موجودہ مروجہ لغاتوں سے بلحاظ قیمت و لحاظ فوائد بڑھ چڑھ کر ہے۔ نئے اور پرانے الفاظ۔ اور الف کی تشریح تلفظ اور معانی واضح طور پر بیان کئے گئے ہیں۔

قیمت صرف عہ روپے

ملنے کا پتہ:۔ شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سلسلۂ تعلیم الاسلام

مُصنفہ منشی نذیر احمد سیماب

قاعدہ

دوسرے تمام قاعدوں میں جو نقص ہیں۔ یہ قاعدہ ان تمام نقائص سے بری ہے۔ صرف زیر و زبر اور پیش وغیرہ اعراب کی شناخت اور ہجے کرنا لکھ دیا گیا ہے اور ابتدا دلکش و دلپسند۔ اسلامی آسان آسان فقرے لکھے گئے ہیں۔ تاکہ شروع سے ہی بچے کے دل میں اسلام کا پودا پیدا ہو جائے۔ اس امر کی خاص احتیاط کی گئی ہے کہ حروف اعراب اور فقرات کو بچے طوطے کی طرح نہیں بلکہ دیکھ اور سمجھکر پڑھیں۔

قیمت صرف دو پیسہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (۲۰)

اسلام کی پہلی

اس کتاب میں خدا رسول قرآن و حدیث کا بدیہی مثالوں کے ذریعہ تصور دلاکر بتایا گیا ہے۔ کہ ہمیں خدا اور رسول اور قرآن حدیث کو کیوں ماننا چاہیئے۔ اور ان کے احکام کیوں واجب التعمیل ہیں۔ قیمت ار

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اسلام کی دوسری

اس کتاب میں اسلام کی صفتوں اور نماز کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ خدا کی توحید اور رسول کی رسالت کا اقرار کس لئے ضروری ہے وضو اور نماز کے احکام مع فوائد اور وجوہات بیان کئے گئے ہیں۔

قیمت صرف ڈیڑھ آنہ

اسلام کی تیسری

اس میں نماز کے بقیہ احکام کا بیان ہے۔ جو دوسری کتاب سے رہ گئے تھے۔ اس کے بعد روزہ اس کی ضرورت اور وجہ کا بیان مع فوائد و احکام کے بیان کیا گیا ہے۔

قیمت صرف ۰/۲

اسلام کی چوتھی

قیمت (۰/۳)

اسلام کی پانچویں

قیمت (۰/۴)

اسلام کی چھٹی قیمت ۰/۴ اسلام کی ساتویں قیمت ۰/۵ اسلام کی آٹھویں قیمت ۰/۶

ملنے کا پتہ:- شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri



شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

جامع تاریخ اسلام

الموسوم بہ

تذکرہ بہادران اسلام

اے چودھویں صدی کے غافل اور کاہل مسلمان! کیا تجھے معلوم ہے کہ تیری ذلت۔ بربادی اور زبوں حالی کے وجوہ کیا ہیں؟ اور دن بدن بدسے بدتر کیوں ہوا جا رہا ہے۔ صرف اس لئے کہ تو نے فرزندان اسلام، غازیان اسلام اور فدایان اسلام کے شاندار کارموں کو بھلا دیا ہے۔ تو نے ارشادات محمد مصطفےٰ کو فراموش کر دیا ہے۔ اور بھولے ہوئے اسباق کو غلطی سے بھی ایک نظر اٹھا کر دیکھنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔

اے نیند کے ماتے جاگ! اور بیدار ہو۔ دیکھ تیرے روندے ہوئے تیرے حاکم ہیں۔ تیری ناگفتہ بہ حالت ہے! تیرے آبا و اجداد کیا تھے؟ مومن کی کیا شان تھی؟ ان کے ایمان اور اعتقاد کسقدر مضبوط تھے۔ جس کا صحیح صحیح اندازہ صرف اسی کتاب کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے۔ اسلئے خود پڑھئے اور اپنی اولاد کو پڑھائیے تاکہ الحاد اور کفر کے زہریلے تاثرات اور مغربیت کے تباہ کن و اخلاق سوز حربوں سے بچ سکو۔ اور جادۂ ہدایت سے پھسلنے نہ پاؤ۔

پتہ:۔ شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب بازار کشمیری لاہور

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ہمارے کتب خانہ کی جدید بہترین مطبوعات

کتب مصنفہ مولوی نذیر احمد صاحب سمانہ بی اے منشی فاضل

خاتم النبیین حضرت سوانح مبارک حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کتاب میں حضرت رسول خدا کی پاک زندگی کے حالات درج ہیں رنگا رنگ کور کے سنہ سے قیمت صرف ۱۲ر

اسد اللہ سوانح حضرت علی ابن ابیطالب اس کتاب میں حضرت علی شیر خدا حیدر کرار کی پاک مدنی کے حالات درج ہیں عمدہ چھپائی کاغذ نہایت اعلیٰ لگایا گیا ہے قیمت صرف ۴ر

سیف اللہ سوانحعمری حضرت خالد بن ولید سپہ سالار اسلام اس کتاب میں حضرت خالد بن ولید کی شجاعت اور بہادری کے کارنامے کا سچا نقشہ کھینچا گیا ہے قیمت صرف . . . ۴ر

سیرۃ الفاروق سوانحعمری حضرت عمر فاروق خلیفہ ثانی اس کتاب میں اسلام کے عمر دوم کی زندگی کے حالات نہایت صحت اور صفائی کے ساتھ لکھے گئے ہیں قیمت ۸ر

الصدیق سوانحعمری حضرت ابوبکر صدیق اس کتاب میں حضرت ابوبکر صدیق عمر اسلام اول کی زندگی کے حالات پیدائش سے وفات تک نہایت صحت و صفائی سے درج ہیں قیمت ۶ر

فیض اللغات فارسی مجلد تمام کپڑے کی لائبریری طرز پر قیمت ۴ر

مخزن المفردات خواص الاطباء ایسی تمام یونانی ادویات کے خواص و شناخت درج ہے قیمت صرف ۱۲ر

پریکٹیکل انگلش ٹیچر معہ لیٹر رائیٹر مصنفہ سید احمد حسین صاحب ترمذی آنرز بی اے ٹائیٹل عمدہ صفحہ ۲۰۸ قیمت ۱۲ر

الف لیلا ہزار داستان ایسی پرانے بادشاہوں کے قصے اور کہانیاں درج ہیں قیمت . . . ۱۴ر

تعویذی عکسی قرآن شریف قد ایک انچ لمبا پون انچ چوڑا وزن صرف پانچ چھ ماشہ ہدیہ ۴ر

تذکرہ اولیا اردو اس میں تمام اولیاء کرام کے حالات درج ہیں قیمت صرف . . . ۴ر

داستان امیر حمزہ ۱۲ر

قصص الانبیا اردو کلاں بیس حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت رسول مقبول خاتم الانبیا تک تمام نبیوں اور اللہ کے حالات مختصر مسنح دلکش قیمت . . . ۴ر

اردو سلسلہ تعلیم اسلام مولوی نذیر احمد صاحب سمانہ بی اے منشی فاضل

قاعدہ اسلام ۰ر	تیسری اسلام ۳ر	چھٹی اسلام ۶ر
پہلی اسلام ۱ر	چوتھی ۰ ۴ر	ساتویں ۰ ۷ر
دوسری ۰ ۲ر	پانچویں ۰ ۵ر	آٹھویں ۰ ۸ر

بہشتی زیور کامل مع گوہر مولوی اشرف علی تھانوی مشہور اسلامی تصنیف مذہبی حکایات بالتفصیل درج ہیں قیمت ۴ر

شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور